© rasailojaraid.com

تبصرے اور تاثرات

سہ ماہی منہاج، لاہور

جنوری تا جون ۹۹ء

اللہ کریم جزائے خیر عطا فرمائے خانوادۂ نبوت کے قابل صد احترام فرد جناب سید فضل الرحمٰن، گرامی قدر سید عزیز الرحمٰن اور دوسرے مجلس ادارت و مشاورت کے لائق ستائش اہل علم، زوار اکیڈمی ناظم آباد کراچی کو کہ انہوں نے امت مسلمہ کو سیرت طیبہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کا بھولا ہوا سبق یاد دلانے کے عظیم اور اہم کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔

ایں کار از تو آید و مرداں ایں چنیں کنند

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ برصغیر پاک و ہند میں. طبع ہونے والے رسائل و جرائد میں ہمیشہ سیرت طیبہ پر گراں قدر علمی مضامین شائع ہوتے رہے ہیں اور متعدد رسائل و جرائد کے باذوق مدیران کرام نے ”رسول نمبر“ کے پیارے عنوان سے بڑی محنت عرق ریزی اور خلوص و محبت سے وقتاً فوقتاً خصوصی شمارے بھی شائع کئے، جن کی تفصیل اور قابل قدر مختصر تعارف زیر تبصرہ شمارے میں موجود ہے۔ مگر راقم کی معلومات کی حد تک کوئی پرچہ بطور خاص سیرت طیبہ کا نقیب خالصتاً تعلیمات نبوی ﷺ کا ترجمان اور خصوصی طور پر حیات و اسوۂ رسول ﷺ کے گوناں گوں اور عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ایمان افروز پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے لئے مختص نہ تھا۔ ”السیرہ عالمی“ کے نائب مدیر جناب سید عزیز الرحمٰن نے تو ایک مکتوب میں یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ خالصتاً سیرت نبوی ﷺ پر شائع ہونے والا یہ دنیا کا پہلا شمارہ ہے۔ بہر کیف ششماہی ”السیرہ عالمی“ کی اشاعت کا آغاز کر کے محترم جناب سید فضل الرحمٰن نے بلا مبالغہ ایک اہم کارنامہ سرانجام

© rasailojaraid.com